مئی 2025 اپ ڈیٹ

PUNS کیا ہے اور کیوں اہم ہے؟

PUNS الینوائے میں موجود ایسے افراد کے لیے ڈیٹا بیس ہے جنہیں نشوونما کی معذوریاں لاحق ہیں اور خدمات تلاش کر رہے ہوں لیکن انہیں ابھی تک خدمات کے لیے فنڈنگ دستیاب نہ ہوئی ہو۔ ایسے افراد جنہیں گھر/کمیونٹی کی خدمات کی ادائیگیوں کے لیے حکومت کی مدد کی ضرورت ہو، کو چاہیے کہ وہ ڈویژن آف ڈیولپمنٹل ڈس ایبلٹیز کے تحت PUNS میں رجسٹر کریں۔

PUNS کی فہرست میں شامل ہونے کے لیے، کسی بھی شخص کے لیے ضروری ہے کہ اسے نشوونما کی معذوری (DD) لاحق ہو۔ کسی بھی شخص کی اہلیت کا تعین انڈیپینڈنٹ سروس کوآرڈینیٹر ایجنسی (ISC) کرے گی۔

Medicaid کے ذریعے، DD کے شکار فرد کو انسٹیٹیوشنل سروسز (انٹرمیڈیٹ کیئر فسیلٹیز ICF/DD) تک رسائی کا حق حاصل ہوتا ہے۔ یہ سہولیات ایڈلٹس وِد DD ویور کی فنڈنگ کے ذریعے حاصل نہیں کی جاتیں۔ انٹرمیڈیٹ کیئر فیسلٹی (ICF/DD) سے مستفید ہونے کے لیے DD کے شکار افراد کا نام PUNS کی فہرست میں موجود ہونا لازمی نہیں ہے۔ ایلینوائے میں ایڈلٹ DD ویور سروسز کے لیے انتظار کرنا پڑتا ہے اور کسی بھی بحران (مثلاً بے گھری، بدسلوکی یا نظر انداز کیے جانے کے خطرے میں ہونا) کے علاوہ، آپ کا نام لازمی طور پر PUNS لسٹ میں شامل ہونا چاہیے۔ اگر صارف بحران میں ہو، تو ISC سے براہ راست بات کرے۔ بحرانوں سے مختلف طریقے سے نمٹا جاتا ہے۔

خدمات تک رسائی کا "بنادی راستہ" انڈیپینڈنٹ سروس کوآرڈینیٹر ایجنسی (ISC) ہے۔

DHS – ڈویژن آف ڈس ایبلیٹیز میڈیکیڈ ہوم اینڈ کمیونٹی کی طرف سے فنڈ کی جانے والی خدمات میں سے کچھ، جن کی ضرورت پڑ سکتی ہے، درج ذیل ہیں:

- گھر میں مدد
- روزگار کےکوچ
- کمیونٹی ڈے سروسز
- رہائشی خدمات
- تھراپی کی خدمات

PUNS کی فہرست میں کیسے شامل ہوں

PUNS کی فہرست میں شامل ہونے کے لیے، مقامی انڈیپینڈنٹ سروس کوآرڈینیشن ایجنسی (ISC) کے ساتھ PUNS انٹرویو کی تاریخ طے کرنا ضروری ہے۔ PUNS اور DD ویور سروسز میں شامل ہونے کے لیے ISC "بنیادی راستے" کا کردار ادا کرتا ہے۔ فرد اور اس کی ضروریات کے بارے میں سوالات، PUNS میں شامل ہونے کے عمل کا حصہ ہیں۔

PUNS فارم کو ہر سال اپ ڈیٹ کرنا نہ بھولیں۔ صرف وہ افراد جنہوں نے PUNS مکمل کیا ہو اور سِیکنگ سروس کیٹیگری میں موجود ہوں – اور اس کو اپ ڈیٹ رکھیں – کو ہی "منتخب شدہ" بننے کا موقع ملتا ہے۔ PUNS کی سالانہ اپ ڈیٹ کی واجب الادا تاریخ سے آگاہ کرنے والے خط کے لیے یو ایس میل پر نظر رکھیں۔ اگر آپ کو یہ خط موصول نہ ہو، تو ISC کے ساتھ اپ ڈیٹ کی ایک اپائنٹمنٹ شیڈول کرنے کے لیے کال کریں۔

PUNS ایک ویٹنگ لِسٹ ہے جو میڈیکیڈ ویور فنڈنگ کے ذریعے اُن خدمات کی ادائیگی کے لیے ہوتی ہے جو IL DHS ڈویژن آف ڈیولپمنٹل ڈس ایبیلیٹیز (DDD) کے تحت فراہم کی جاتی ہیں۔

ISC کو کیسے تلاش کریں

انفرادی سِیکنگ سروسز کے لیے متعلقہ ISC تلاش کرنے کے لیے، اس دستاویز کے آخری صفحے پر درج شدہ کسی بھی آرک پروگرام (The Arc Programs) کو کال کریں۔ DHS کسٹمر ہیلپ لائن (800) 843-6154 پر رابطہ کریں یا الینوائے DHS آفس لوکیٹر پر جائیں اور "Developmental Disability Services" کو دفتر کی قسم کے طور پر منتخب کریں، ساتھ ہی اپنی کاؤنٹی منتخب کریں (اگر آپ کُک کاؤنٹی میں ہیں، تو اپنا زِپ کوڈ لازمی درج کریں)۔ DHS آفس لوکیٹر: www.dhs.state.il.us/page.aspx?module=12

PUNS ایک انتظار کی فہرست ہے

PUNS میں درج ذیل دو درجہ بندیاں ہوتی ہیں: **سِکنگ سروسز** اُن افراد کے لیے جنہیں موجودہ طور پر معاونت کی ضرورت ہو یا وہ چاہتے ہوں اور **پلاننگ فار سروسز** اُن افراد کے لیے جنہیں موجودہ طور پر معاونت کی ضرورت نہ ہو یا وہ فی الحال نہ چاہتے ہوں لیکن مستقبل میں ضرورت ہو سکتی ہو۔

PUNS کے انتخاب 18 سال کی عمر کے بعد سِکنگ سروسز کے زمرے میں کسی فرد کے کل وقت کی بنیاد پر ہوتے ہیں۔

نوٹ: اگر آپ سِیکنگ سروسز کے زمرے میں شامل نہیں ہیں اور آپ کو اس وقت معاونت کی ضرورت ہے، تو آپ کو اپنی انڈیپنڈنٹ سروس کوآرڈینیشن (ISC) ایجنسی سے درخواست کرنی ہو گی کہ وہ آپ کو سِیکنگ سروسز کے زمرے میں منتقل کر دیں۔ www.dhs.state.il.us/page.aspx?item=41131

موجودہ لیگاس فیصلے کی بدولت، ڈیویلپمنٹل ڈس ایبیلیٹیز ڈویژن کا منصوبہ ہے کہ 2025 تک، سِیکنگ سروسز کے زمرے میں شامل 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کا فرد PUNS میں اندراج کے 5 سال کے اندر منتخب کیا جائے گا۔

26 مارچ 2025 تک اضافی اپ ڈیٹ۔

- **PUNS میں منتخب ہونے کے خطوط کی میعاد ختم نہیں ہوتی**
  - ایک بار منتخب ہونے کے بعد، منتخب شدہ فرد مستقبل میں کسی بھی وقت اپنا خط استعمال کر سکتا ہے؛ اس کی میعاد ختم یا ناقابل قبول نہیں ہوتی۔
  - تاہم، اگر یہ خط پہلے سے ہی ایڈلٹ DD ویور خدمات کے حصول میں استعمال ہو چکا ہو اور پھر فرد نے خدمات چھوڑ دی ہوں اور وہ خدمات پر واپس آنا چاہتا ہو، تو اسے PUNs کے باقاعدہ انتخاب کے تحت ایک نیا خط حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- **اگر خدمات کے لیے تیار نہیں ہیں، تو آپ پلاننگ پر جا سکتے ہیں یا PUNS بند کر سکتے ہیں**
  - PUNS کو بند کرنے یا پلاننگ کے زمرے میں رکھے جانے کی وجہ سے کسی فرد کی اپنے PUNS سلیکشن لیٹر کو استعمال کرنے کی اہلیت کو متاثر نہیں کرتا
  - اس سے ISCs کو اپنا وقت خدمات کے لیے تیار لوگوں پر لگانے میں مدد ملتی ہے
    https://www.dhs.state.il.us/page.aspx?item=167411

- **انتخاب کے خط کو کالعدم کرنے کا سابقہ طریقہ ہولڈ پر رکھنا تھا**
  - اگر کوئی فرد دو سال تک ہولڈ پر رہتا تھا، تو ہولڈ کی میعاد ختم ہو جانے پر خط استعمال نہیں کیا جا سکتا تھا۔
  - کیونکہ جب بھی کوئی فرد تیار ہوتا ہے تو ایک خط استعمال کیا جا سکتا ہے، ہمیں اب لوگوں کو ہولڈ کی معیاد ختم ہونے کے خطرے میں ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے۔

- **ہولڈ پر موجود افراد اور سابقہ طور پر ختم ہو جانے والے ہولڈز**
  - DDD اور ISCs پہلے ہی ہولڈ پر موجود لوگوں سے رابطہ کر چکے ہیں، ان کے ہولڈ کو ختم کر چکے ہیں اور انہیں سب سے مناسب حیثیت مثلاً سِیکنگ یا پلاننگ میں ڈال چکے ہیں۔
  - کوئی بھی فرد جس کی میعاد ختم ہو گئی ہو وہ فوری طور پر انتخاب/سروسز کے لیے اہل ہو جائے گا، انتظار کا وقت دوبارہ شمار کیے بغیر
    https://www.dhs.state.il.us/page.aspx?item=170843

ISCs ایسے افراد کو سِیکنگ سروسز کے زمرے میں ڈال دیں گے، جو درج ذیل میں سے کسی حالات میں ہوں:

- وہ افراد جن کی دیکھ بھال کرنے والا کسی بھی وجہ سے واضح طور پر دیکھ بھال فراہم کرنے سے قاصر ہونے کی طرف بڑھ رہا ہو (مثلاً نگہداشت کنندہ کی عمر، نگہداشت کنندہ کی جسمانی/نفسیاتی/صحت کی حالت، صحت یا فرد کی کوئی دوسری ایسی ہی صورت حال)۔ فرد اور/ یا خاندان اس وقت جدوجہد کر رہے ہوں مگر انہیں مدد کی ضرورت ہو۔
- فرد کی اپنی ایسی بگڑتی ہوئی صورتحال، جس کے لیے رسمی مدد کی ضرورت ہو۔
- ایسی صورتیں جن میں، اگرچہ دیکھ بھال کرنے والا اور نشوونما کی معذوری کا شکار فرد براہ راست متاثر نہ بھی ہوئے ہوں، مگر خاندان میں کسی کی موت (خاص طور پر نگہداشت کنندہ کا/کی شریک حیات یا خاندان کے ایسے دوسرے فرد کی موت جو نگہداشت فراہم کرنے میں مدد کر رہا تھا) یا دیگر ایسے حالات جن میں صورتحال متاثر ہو گئی ہو، جن کی وجہ سے اضافی مدد کی ضرورت ہو۔
- ایسے حالات جن میں نگہداشت کنندہ (کنندگان) کو کرایہ وغیرہ کے لیے کام کرنا پڑتا ہو۔ اگر خدمات فراہم نہیں کی گئیں، تو نگہداشت کنندہ (کنندگان) کو مدد فراہم کرنے کے لیے گھر پر رہنا پڑے گا اور وہ مؤثر طریقے سے کام جاری رکھنے کے قابل نہیں ہو گا۔
- ایسے افراد جو اسکول سے فارغ التحصیل ہو گئے ہوں (یا جلد ہوں گے) اور انہیں دن کی امداد کی ضرورت ہو گی (یعنی اسے کوئی اور روزگار یا دن کی مدد کے دوسرے اختیارات دستیاب نہیں ہیں/منصوبہ بند ہیں)۔

- وہ شخص موجودہ ترتیب سے غیر مطمئن ہے اور DD رہائشی خدمات حاصل کرنا چاہے گا۔
- فرد فنڈ سے چلنے والی کسی رہائشی ترتیب میں رہنے کے بجائے اپنے گھر میں رہنا پسند کرتا ہے لیکن ایسا کرنے کے لیے اسے مدد کی ضرورت ہو گی۔
- وہ فرد فی الحال گھر سے باہر ایسی رہائشی ترتیب میں رہتا ہو، جسے DD کے ڈویژن کی طرف سے فنڈ نہیں دیا جاتا اور وہ اپنے خاندان کے گھر واپس جانا چاہتا ہے (اور خاندان متفق ہے)۔ خاندان دیکھ بھال فراہم کر سکتا ہے لیکن اس فرد کو گھر واپس لانے کے لیے مدد چاہیے ہے۔

ISCs سروسز کے لیے پلاننگ کے زمرے میں ان افراد کو شامل کریں گے، جو:

- موجودہ طور پر خدمات کی تلاش میں نہ ہوں لیکن نگہداشت کنندہ کو کچھ ہونے کی صورت میں تلاش میں ہوں (مثلاً اگر نگہداشت کنندہ بیمار ہو جاتا ہے یا انتقال کر جاتا ہے) یا دیگر خاندانی حالات بدل جاتے ہیں
- موجودہ طور پر DD کے علاوہ دیگر اداروں کے ذریعے فنڈنگ یا خدمات حاصل کرتے ہوں اور جن کی اہلیت بنیادی طور پر فرد کی عمر کی وجہ سے ختم ہو جائے گی۔ یہ فرد کسی بحران میں نہ ہو اور اسے موجودہ طور پر DD خدمات کی ضرورت یا خواہش نہ ہو۔ ان میں وہ افراد شامل ہو سکتے ہیں، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں، جو درج ذیل ذرائع سے مالی معاونت حاصل کر رہے ہوں:
  - ابتدائی، متواتر اسکریننگ، تشخیص اور علاج (EPSDT) کا پروگرام
  - طبی لحاظ سے نازک/ٹیکنالوجی پر منحصر بچوں کی چھوٹ
  - انفرادی کیئر گرانٹ (Individual Care Grant) دماغی صحت کے نظام کے ذریعے مدد کرتا ہے
  - ایلینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن یا پبلک اسکول سسٹم۔ www.dhs.state.il.us/page.aspx?item=68933

مندرجہ ذیل پتے پر فرد کے نام، پتہ، تاریخ پیدائش اور ISC ایجنسی کے نام کے ساتھ ای میل بھیج کر یہ معلوم کرنا ممکن ہے کہ کسی کو کب منتخب کیے جانے کا امکان ہو سکتا ہے: DHS.DDD.PUNS@illinois.gov.

براہ کرم ذہن میں رکھیں کہ بہت سے عوامل PUNS کی فہرست کو متاثر کرتے ہیں اور یہ اکثر تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ اس بات کا امکان ہے کہ انتخاب اندازے سے تھوڑا پہلے یا بعد میں بھی ہو سکتا ہے۔ انتخاب اور فنڈنگ کی دستیابی کے تمام تخمینے کے تابع ہیں۔ الینوائے مقننہ کے ذریعہ تخصیص شدہ۔

براہ کرم یاد رکھیں کہ PUNS کا انتخاب صرف سِکنگ سروسز کے زمرے سے ہوتا ہے؛ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے یا آپ کی خواہش ہے، تو آپ کو پہلے سِیکنگ سروسز کے زمرے میں موجود ہونا چاہیے۔ جو افراد "منصوبہ بندی" کے زمرے میں اندارج کراو لیتے ہیں، وہ ڈویژن آف ڈیولپمنٹل ڈس ایبیلیٹیز کو مستقبل کی مالی ضروریات کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

بحران

ایسے بچے اور بالغ افراد جو PUNS فہرست میں شامل ہوں اور کسی بحران میں ہوں یا فوری طور پر بے گھری، بدسلوکی یا نظراندازی کے خطرے میں ہوں، وہ اپنے ISC کو کال کر کے ویور فنڈنگ کے لیے بحران کی درخواست پر غور کیے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ کسی فرد کا بحران کی حالت میں ہونا جانچنے اور طے کرنے سے پہلے، اسے PUNS فہرست میں شامل کیا جانا لازمی ہے۔

بچے اور PUNS

حالیہ برسوں میں، ڈویلپمنٹل ڈس ایبلٹی کے ڈویژن نے کبھی کبھار PUNS انتظار کی فہرست میں سے بچوں کا انتخاب کیا ہے تاکہ وہ گھر میں امداد کے لیے درخواست دیں۔ موجودہ یا مستقبل کی متوقع ضروریات کے حامل افراد کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ PUNS انتظار کی فہرست میں شامل ہونے کے لیے PUNS کے طریقہ کار کو مکمل کریں۔ 2.5 سال اور اس سے زیادہ عمر کے ایسے بچوں کے لیے PUNS انٹرویو کی درخواست کی جا سکتی ہے جن میں نشوونما کی معذوریوں کا امکان موجود ہو۔

مزید معلومات کے لیے:

- فیملی ایڈووکیٹ پروگرام (The Family Advocate Program)
  www.thearcofil.org/family-advocate-program/
  708-331-7370
- فیملی سپورٹ نیٹ ورک (Family Support Network)
  708-331-7370
  www.thearcofil.org/family-support-network/
- الینوائے لائف سپین پروگرام (Illinois Life Span Program)
  www.illinoislifespan.org
  1-800-588-7002
- فیملی ٹو فیملی ہیلتھ انفارمیشن سنٹر (Family to Family Health Information Center)
  www.familyvoicesillinois.org
  866-931-1110
- آرک آف سپینش ہیلپ لائن Linea de Información en Español - (The Arc of IL Spanish Helpline)
  708-218-1958